## خودکش بم دھماکے دہشت گردوں کے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے مذموم عزائم کو ظاہر کرتا ہے، الطاف حسین

### ماڈل کالونی لاہور میں FIA بلڈنگ میں ہونے والے خودکش بم دھماکے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔8، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے علاقے ماڈل کالونی میں FIA کی عمارت پر خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ بم دھماکہ بدترین دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں متعدد افراد کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد خودکش بم دھماکوں کے ذریعے ملک کی سالمیت کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور خودکش بم دھماکے دہشت گردوں کے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے مذموم عزائم کو ظاہر کرتا ہے جس کا ملک بھر کے عوام کو متحد و منظم ہوکر سامنا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ بے گناہ انسانوں کا خون بہانے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے اور دہشت گردی کے قلعہ قمع کیلئے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ ماڈل کالونی لاہور میں خودکش بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردی کے سدباب کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور عوام کی جان و مال کو ہر قیمت میں تحفظ فراہم کیا جائے۔انہوں نے بم دھماکے میں ایف آئی اے کے اہلکاروں، معصوم بچوں کی شہادت سمیت متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## راولپنڈی کے نیشنل فاؤنڈیشن گرلز ہاسٹل میں لگنے والی آگ سے متعدد بچیوں کی ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔8 مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی کے نیشنل فاؤنڈیشن گرلز ہاسٹل کی عمارت میں لگنے والی آگ کے نتیجے میں متعدد بچیوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے گرلز ہاسٹل میں لگنے والی آگ کے نتیجے میں ہلاک ہونے والی بچیوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمی ہونے والی لڑکیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی کے نیشنل فاؤنڈیشن گرلز ہاسٹل کی عمارت میں لگنے والی آگ پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان، پنجاب کے وزیر اعلیٰ شہباز شریف اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ گرلز ہاسٹل میں لگنے والی آگ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے اور جرم میں ملوث ملزمان کو جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

## ایم کیو ایم لاہور زونل کمیٹی کے اراکین نے جناح اسپتال لاہور میں بم دھماکہ کے زخمیوں کی عیادت کی

لاہور۔۔۔08 مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے لاہور زونل کمیٹی کے ذمہ داران نے جناح اسپتال لاہور کا دورہ کیا اور لاہور بم دھماکہ میں زخمی ہونیوالے افراد کی عیادت کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔ایم کیو ایم کے وفد میں کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن شیراز، لاہور زونل کمیٹی کے انچارج رانا یوسف، اراکین زونل کمیٹی مقصود، فیصل سجاد، ڈسٹرکٹ آرگنائزر شاہین گیلانی، متحدہ لائرز فورم کے مبین قاضی ایڈووکیٹ کے علاوہ دیگر شامل تھے۔وفد کے ارکان کچھ دیر زخمیوں کے ساتھ رہے اور انہوں نے زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## خواتین کے عالمی دن کے موقع پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیراہتمام لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں تقریب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیراہتمام خواتین کا عالمی دن شایان شان طریقے سے منایا گیا اس سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں خواتین کنونشن منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، مصطفیٰ کمال، نسرین جلیل، آنسہ ممتاز انوار، ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، حق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت کے علاوہ شعبہ خواتین کی انچارج ورکن قومی اسمبلی کشور زہرہ، شعبہ خواتین کی ذمہ داران، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی جبکہ کورنگی سیکٹر کے کارکن ماجد علی شہید کی بیوہ رابعہ ماجد نے مہمان خصوصی کے طور پر پروگرام میں شرکت کی۔خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں زبردست انتظامات کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ میں قناعتیں لگا کر پنڈال میں تیار کیا گیا تھا۔ پنڈال عقب میں سادہ اسکرین لگائی گئی جس پر ''خواتین کے عالمی دن پر قائد تحریک الطاف حسین کا ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کیلئے خصوصی پیغام ''تعلیم اور صحت آپ کا بنیادی حق ہے'' شعبہ خواتین ایم کیوایم ۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا حافظ ماریہ نے تلاوت کی جبکہ یاسمین نے بارگاہ رسالتؐ میں حدیہ نعت پیش کیا۔ پروگرام میں قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر شعبہ طب میں تربیت حاصل کرنے والی 36 طالبات اور شعبہ تعلیم بالغان میں تربیت حاصل کرنے والی 45 خواتین میں شیلڈ بھی تقسیم کی اور ان کی تربیت کی کارکردگی کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، مصطفیٰ کمال اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون نے تربیت حاصل کرنے والی خواتین میں شیلڈ پیش کیں اور ان کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے انہیں شاباش بھی دی۔ پروگرام میں ایم کیوایم کے شہید کارکنان ، انتقال کر جانے والے کارکنان کے اہلخانہ سمیت حالیہ بم دھماکوں شہید ہونیوالے تمام افراد کی مغفرت اور ان کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔ پروگرام میں خواتین کے عالمی دن کے نسبت سے نغمے بھی گائے گئے جنہوں شرکاء خواتین نے بڑی دلچسپی سے سماعت کیا۔شعبہ خواتین کی جانب سے سید مصطفیٰ کمال، نسرین جلیل اور سائرہ خاتون کو اعزازی شیلڈ تقسیم کی گئی۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت خواتین کنونشن سے مصطفیٰ کمال اور دیگر مقررین کا خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

پاکستان کی آبادی کا 55 فیصد حصہ خواتین پر مشتمل ہے ہمیں خواتین کو احساس دلانا ہوگا کہ وہ ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں ہمارے ملک میں خواتین کو تحفظ حاصل نہیں دنیا چاند پر پہنچ گئی اور ہم کاروکاری، ونی اور قرآن سے نکاح کرانے جیسی فرسودہ رسومات میں گھرے ہوئے ہیں۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت لال قلعہ گراؤنڈ میں خواتین کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ خواتین کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب سے رابطہ کمیٹی کی رکن نسرین جلیل، حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج ورکن قومی اسمبلی کشور زہرہ کے علاوہ دیگر نے بھی خطاب کیا۔اس کنونشن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، آنسہ ممتاز انوار، اراکین شعبہ خواتین، مختلف سیکٹرز اور یونٹوں کی خواتین ذمہ داران، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین نے بڑی تعداد میں شریک تھیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آج خواتین کا عالمی دن ہے، آج اس عظیم ماں کی یاد آرہی ہے جس نے ایک ایسی ہستی کو جنم دیا جس کا نام الطاف حسین ہے اور ہم اسی ہستی کی بدولت جانے اور پہنچانے جاتے ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ہمشیرہ سائرہ خاتون کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر سائرہ باجی کسی اور لیڈر کی بہن ہوتی تو آج یہ 120 گز کے مکان میں نہیں رہتی بلکہ کسی عالیشان محل میں رہتیں اور رکن قومی اسمبلی یا رکن سینیٹ ہوتی۔انہوں نے کہا کہ ماں بچے کی پہلی درسگاہ ہوتی ہے جو اسے جینے کا سلیقہ سکھاتی ہے ملک کی آبادی کا نصف سے زائد یعنی 55 فیصد حصہ خواتین پر مشتمل ہے جس میں سے بھی 50 فیصد خواتین گھروں میں رہتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں خواتین کو تحفظ حاصل نہیں لہٰذا وہ تعلیم کے حصول کیلئے گھروں سے نہیں نکل پاتیں، ہمیں خواتین کو تحفظ فراہم کرنا ہوگا تاکہ ہم خواتین کا 50 فیصد حصہ بھی ملک کی تعمیر وترقی صرف کرواسکیں اور یہ سب اس وقت ہی کرسکتے ہیں جب ہم خواتین کیلئے ایسا ماحول بنائیں جہاں خواتین کو گھر سے نکلنے سے پہلے سوچنا نہیں پڑے بلکہ ان کو پتہ ہو کہ گھر کے باہر قانون ان کا محافظ ہے۔محترمہ نسرین جلیل نے کہا کہ خواتین تعلیم کے زیور سے آراستہ ہوں گی تو یقیناً صحت مند بھی ہوں گی ،ایم کیوایم نے خواتین کے حقوق کیلئے نہ صرف آواز بلند کی بلکہ انہیں معاشرے میں جائز مقام دیا،ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے خواتین کو موقع دیا کہ وہ پالیسی سازی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ بلدیاتی اداروں میں 33 فیصد حصہ خواتین کیلئے مختص کیا گیا جو خواتین کی بڑی کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج بھی ملک کے پسماندہ علاقوں میں خواتین کا استحصال جارہی ہے، کاروکاری

اورقرآن سے شادی جیسی فرسودہ رسومات آج بھی وقوع پذیر ہورہی ہیں تاہم اب وہ وقت دورنہیں جب ایم کیوایم خواتین کومعاشرے میں تحفظ اوران کے جائزحقوق دلائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگرکوئی لیڈر ملک کی تقدیر بدل سکتا ہے تووہ صرف اورصرف الطاف حسین ہے،الطاف حسین کا پیغام حق پرستی ملک کے کونے کونے میں پھیل رہاہے اوراسی وجہ سے خواتین میں تحفظ بڑھ رہاہے۔محترمہ خوش بخت شجاعت نے کہا کہ آج کی یہ تقریب بالکل منفرد ہے آج یہاں شریک ہوکر مجھے اپنے خاتون ہونے پرفخر ہورہا ہے۔انہوں نے پروگرام کے انعقاد پرشعبہ خواتین کی انچارج واراکین کے جذبہ کوسراہتے ہوئے کہا کہ خواتین معاشرے کی تعمیروترقی میں اپنا کرداراداکرنے کیلئے آگے آئیں،آج ان کے پاس الطاف حسین کی شکل میں ایک سچا بھائی اورمتحدہ قومی موومنٹ کی شکل میں ایک پلیٹ فارم موجود ہے۔الطاف حسین کافکروفلسفہ ایک روشنی ہے جسے پھیلنے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔کشورزہرہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے ملک کونہ صرف کمزورکیا بلکہ اس نظام نے خواتین کے ساتھ بھی بدسلوکی کی اورخواتین سے ان کا جائزحق چھین لیا،ایم کیوایم اسی نظام کوجڑ سے اکھاڑنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے،خواتین کے ساتھ ہونیوالی بدسلوکی پراگرکسی نے آوازاٹھائی تووہ صرف اورصرف الطاف حسین ہیں جنہوں نے خواتین کوتحفظ فراہم کیا۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کوسیاست سے نہیں بلکہ عوام کی خدمت سے لگاؤ ہے بلکہ الطاف حسین کی ذات میں ایک ماں،ایک باپ،ایک بیٹااورایک بھائی ہیں کی شفقت نمایاں ہے۔

## کراچی میں متعین روس کے کونسل جنرل Andrey Demidov کاایم کیوایم کے مرکزنائن زیروکادورہ

کراچی۔۔۔8،مارچ2010ء

کراچی میں متعین روس کے کونسل جنرلAndrey Demidovنے اتوار کے روزمتحدہ قومی مومنٹ کے صدردفترخورشید بیگم میموریل ہال کادورہ کیااوراراکین رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی۔اس موقع پرمتحدہ قومی مومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیرڈاکٹر فاروق ستاراوراراکین رابطہ کمیٹی کنورخالد یونس اورمحترمہ نسرین جلیل بھی موجودتھیں۔ملاقات میں کونسل جنرل نے ایم کیوایم کے رہنماؤں سے ملک کی تازہ ترین سیاسی صورتحال اورآئندہ بلدیاتی انتخابات کےعلاوہ باہمی دلچسپی کےامور پرتبادلہ خیال کیا۔

## بے بی افضاءکی آٹھویں سالگرہ پرپاکستان سمیت دنیا بھرسے سالگرہ کی مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے

کراچی۔۔۔8،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاءکی آٹھویں سالگرہ کےموقع پرپاکستان سمیت دنیا بھرسےایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ اورایم کیوایم کے مرکزنائن زیروعزیزآباد پرمبارکباد کے پیغامات بڑی تعداد میں موصول ہوئے۔یہ پیغامات ٹیلی فون،فیکس اورای میل کے ذریعےارسال کئے گئے۔ پیغامات بھیجنے والوں میں ایم کیوایم کے کارکنان کے علاوہ ڈاکٹرز،انجینئرز،وکلاء،صحافی،علمائے کرام،تاجراورمختلف شعبہ ہائے زندگی سےتعلق رکھنےوالےافرادشامل ہیں۔اپنے پیغامات میں انہوں نے بے بی افضاءکوآٹھویں سالگرہ کی دلی مبارکبادپیش کی اوران کیلئے نیک خواہشات کا اظہارکرتے ہوئے بے بی افضاءاورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت و تندرستی کیلئےخصوصی دعائیں کیں۔پیغامات بھیجنے والوں نے بے بی افضاءکیلئےخصوصی طورپرسالگرہ کےکارڈبھی ارسال کئے۔

## ایم کیوایم کےسوگوارکارکنان سےرابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔08مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی ماری پورسیکٹریونٹ مشرف کالونی کے کارکن جہانزیب کے والدظہوراحمد،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریاسیکٹریونٹ 150 کے کارکن محمد فاروق کے والدغلام رسول،ایم کیوایم لاہورسٹی سیکٹریونٹ راوی ٹاؤن کے کارکن سیدمحسن رضانقوی کے والدسیدولایت مبین شاہ،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن شمیم کے والدمحمد قاسم اورایم کیوایم فیڈرل بی ایریاسیکٹریونٹ 149 کے کارکن شبیرعلی کے بھائی عباس علی کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورلواحقین کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## گلگت کے علاقے عطاء آباد اور شیش لکٹ کو آفت زدہ قرار دیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

## دریا میں تودہ گرنے سے دریا بند ہو گیا اور ڈیم بن گیا، ڈیم پر کام کی رفتار تیز کی جائے ڈیم پھٹ گیا تو بہت بڑی تباہی کا اندیشہ ہے

## حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے حکومتی مشینری اور وسائل فی الفور استعمال کرے

کراچی۔۔۔8، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ گلگت کے علاقوں عطاء آباد اور شیش لکٹ کو آفت زدہ قرار دیا جائے اور تودہ گرنے سے دریا بند ہو جانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں عطاء آباد اور شیش لکت کے علاقوں میں تودہ گرنے سے دریا بند ہو گیا تھا اب صورتحال یہ ہے کہ اس جگہ 14 کلومیٹر پر ایک ڈیم بن گیا ہے، حکومت کی جانب سے ایک ماہ میں راستہ کھولنے کا وعدہ کرنے اور ٹھیکہ دینے کے باوجود تا حال ڈیم میں کام نہ ہونے کے برابر ہے اور اس ڈیم میں 20 لاکھ کیوسک پانی جمع ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ ڈیم پھٹ گیا تو بہت بڑی تباہی کا اندیشہ ہے۔ انہوں نے تودہ گرنے کے باعث عطاء آباد اور شیش لکٹ مکمل طور پر ڈوب چکے ہیں یہاں کے مکین نقل مکانی پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ علاقے کے مکینوں کو آنے جانے کیلئے جو کشتیاں فراہم کی گئیں ہیں وہ بھی 1870ء کی بنی ہوئی ہیں اور ٹوٹی ہوئی ہیں جس سے مکینوں کی زندگی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور گلگت بلتستان کے وزیر اعلیٰ سید مہدی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ڈیم پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے حکومتی مشینری اور وسائل استعمال کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆